# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON HUMAN RIGHTS ON THE NATIONAL COMMISSION FOR HUMAN RIGHTS (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Acting Chairperson of the Standing Committee on Human Rights have the honour to present this report on the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 (XVI of 2012) [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025] (Government Bill) referred to the Standing Committee on 13th January, 2025.

2. The Committee consists of the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1) | Mr. Danyal Chaudhary | Member |
| 2) | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 3) | Mr. Shamsher Ali Mazari | Member |
| 4) | Ms. Zeb Jaffar | Member |
| 5) | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 6) | Ms. Asiya Naz Tanoli | Member |
| 7) | Ms. Tamkeen Akhtar Niazi | Member |
| 8) | Dr. Nelson Azeem | Member |
| 9) | Ms. Sehar Kamran | Member |
| 10) | Ms. Shahida Rehmani | Member |
| 11) | Ms. Naz Baloch | Member |
| 12) | Mr. Naveed Aamir | Member |
| 13) | Ms. Sabheen Ghoury | Member |
| 14) | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15) | Mr. Ali Muhammad | Member |
| 16) | Mr. Sher Afzal Khan | Member |
| 17) | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 18) | Mr. Mohammad Riaz Fatyana | Member |
| 19) | Mr. Azam Nazeer Tarar,<br>Minister Incharge for Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meeting held on 16th October, 2025 and recommended that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 29th October, 2025

sd/-
**(MS. ZAHRA WADOOD FATEMI)**
Acting Chairperson
Standing Committee on Human Rights

[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**BILL**

to amend the *National Commission for Human Rights Act, 2012*

WHEREAS it is expedient to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 (XVI of 2012), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**— (1) This Act shall be called the National Commission for Human Rights (Amendment) Act, 2025

(2) It shall come into force at once.

2 **Amendment of section 2, Act XVI of 2012.**— In the National Commission for Human Rights Act, 2012 (XVI of 2012), hereinafter referred to as "the said Act", in section 2, after clause (c), the following new clause shall be inserted, namely:—

"(ca) "Division concerned" means the Division to which business of this Act stands allocated;".

3. **Amendment of section 3, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 3, in sub-section (2), in clause (b), the comma and words, ", Federally Administrated Tribal Areas" shall be omitted.

4. **Amendment of section 4, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 4, in sub-section (1), for the words, "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

5. **Amendment of section 14, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 14, in sub-section (1),—

(a) in clause (a), for the words "Federal Government", the words "Defence Division" shall be substituted; and

(b) in clause (b), for the words "Federal Government", the words "DefenceDivision" shall be substituted.

6. **Amendment of section 21, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 21, for the words "Federal Government", the words "Law and Justice Division" shall be substituted.

7. **Amendment of section 22, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 22, for the words "Federal Government", the words "Law and Justice Division" shall be substituted.

8. **Amendment of section 28, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 28, in sub-section (2), for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

9. **Amendment of section 29, Act XVI of 2012.**— In the said Act, in section 29,—

(a) in sub-section (3), for the words "Federal Government", the words "Divisions concerned" shall be substituted; and

(b) in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted and after the word "deputation", the words "as per deputation policy of Establishment Division" shall be inserted.

## Statement of Objects and Reasons

The aim and object of this amendment are to bring clarity to the existing legislation and to provide clarity with respect to the exercise of authority by the Federation. This amendment is pursuant to the direction of the Cabinet in light of the Supreme Court judgment (PLD 2016 SC 808).

**(SENATOR AZAM NAZEER TARAR)**
Minister for Human Rights

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی رپورٹ

میں، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق ۱۴ جنوری، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ ۲۰۱۲ء (نمبر ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | جناب دانیال چوہدری | رکن |
| (۲) | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| (۳) | جناب شمشیر علی مزاری | رکن |
| (۴) | محترمہ زیب جعفر | رکن |
| (۵) | محترمہ زہرا ودود فاطمی | رکن |
| (۶) | محترمہ آسیہ ناز تنولی | رکن |
| (۷) | محترمہ تمکین اختر نیازی | رکن |
| (۸) | جناب نیلسن عظیم | رکن |
| (۹) | محترمہ سحر کامران | رکن |
| (۱۰) | محترمہ شاہدہ رحمانی | رکن |
| (۱۱) | محترمہ ناز بلوچ | رکن |
| (۱۲) | جناب نوید عامر | رکن |
| (۱۳) | محترمہ سبین غوری | رکن |
| (۱۴) | جناب گوہر علی خان | رکن |
| (۱۵) | جناب علی محمد | رکن |
| (۱۶) | جناب شیر افضل خان | رکن |
| (۱۷) | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| (۱۸) | جناب محمد ریاض فتیانہ | رکن |
| (۱۹) | جناب اعظم نذیر تارڑ، وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۶/اکتوبر، ۲۰۲۵ء، کو منعقدہ اپنے اجلاس میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ منسلکہ۔الف پر موجود بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۲۹/اکتوبر، ۲۰۲۵ء

دستخط/۔
(محترمہ زہرا ودود فاطمی)
قائم مقام چیئرپرسن
قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ،۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ،۲۰۱۲ء (۱۶ بابت ۲۰۱۲ء) میں، ایسے طریقہ کار پر اور بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ،۲۰۱۲ء (۱۶ بابت ۲۰۱۲ء)، بعدازیں جس کا حوالہ ''مذکورہ ایکٹ'' کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ میں، شق (ج) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ج الف) ''متعلقہ ڈویژن'' سے متعلقہ ڈویژن جسے اس ایکٹ کا کام سپرد کیا گیا ہو، مراد ہے؛''۔

۳۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں، شق (ب) میں، سکتہ اور الفاظ ''وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات'' کو حذف کر دیا جائے گا۔

۴۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء، کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(الف) شق (الف) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''دفاع ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ب) شق (ب) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''دفاع ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۲۱ میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "قانون و انصاف ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۲۲ میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "قانون و انصاف ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۸ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۹۔ **ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۹ میں،۔

**(الف)** ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

**(ب)** ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔ اور لفظ "مستعارالخدمتی" کے بعد، الفاظ "اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی مستعارالخدمتی کی پالیسی کی مطابقت میں" کو شامل کر دیا جائے گا۔

---

## بیان اغراض و وجوہ

اس ترمیم کا مقصد اور غرض موجودہ قانون سازی کی صراحت کرنا ہے اور وفاق کی اتھارٹی کے استعمال کی بابت وضاحت کرنا ہے۔ یہ ترمیم عدالت عظمیٰ کے فیصلے (PLD- 2016 SC 808) کی روشنی میں کابینہ کی ہدایت کی پیروی میں کی گئی ہے۔

**(سینیٹر اعظم نذیر تارڑ)**

**وزیر برائے انسانی حقوق**